# ہم اپنے کھیتوں سے کیا چاہتے ہیں ؟

# جو چاہتے ہیں وہ ہمیں کیوں نہیں ملتا ؟

دی وارم ہارٹ بائیو چار ٹیم

بائیو چار کیسے بنایا جائے ؟

دی وارم ہارٹ بائیو چار ٹیم دی وارم ہارٹ سیریز 1"
بائیو چار کا تعارف" پاور پوانٹ

ہم پیٹ بھر



کھانا چاہتے ہیں

# ہم پورا سال پیٹ بھر کھانا چاہتے ہیں

**ہم اتنی فصل پیدا کرنا چاہتے ہیں کہ ہم پورا سال ہر روز تین وقت کی متوازن غذا کھا سکیں**

- ہم غذائی قلت سے تھک چکے ہیں
- ہم اپنے بچوں کو روتا دیکھ دیکھ کر تھک چکے ہیں کیونکہ ان کے لئے دن میں صرف ایک وقت کی غیر مناسب غذا کافی نہیں
- ہم ایسا کھانا کھا کھا کر تھک چکے ہیں جو پیٹ تو بھر دیتا ہے مگرجسم کو غذایت نہیں دیتا

WARMHEART WORLDWIDE

# ہم کچھ ایسا چاہتے ہیں جو ہم بازار میں بیچ سکیں



# ہمیں ایسی اشیاء کی ضرورت ہے جو اگآی نہیں جا سکتیں

## ہمیں پیسوں کی ضرورت ہے

**ہم کھانے کی چیزیں اس لئے اگاتے ہیں کے ہم انہیں کھا سکیں اور بیچ کر پیسے کما سکیں**

- اگر ہماری فصل کم ہو تو اس سے اتنا پیسا نہیں کماتے جتنی ضرورت ہے
- ہمیں کپڑوں ، صابن ، پکانے کا تیل ، دیگر آلات اور بہت ساری اشیاء کے لئے پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے

**اگر فصل اچھی بھی ہو تو کبھی کبھار ہم پیسے نہیں کما سکتے کیونکہ ہم بازار تک نہیں پہنچ پاتے**



- سڑکیں خراب ہیں
- ٹرک میسر نہیں
- موسم کی خرابی
- جو ہمیں چاہیے وہ بازار میں موجود نہیں

WARMHEART WORLDWIDE

## ہمیں بازاروں کی ضرورت ہے جہاں ہم کچھ بیچ کر وہ خرید سکیں جو ہمارے پاس نہیں ۔



# کیا ہم اس لئے غریب ہیں کیونکہ ہم نکمے ہیں ؟

آپ یقیناً مذاق کر رہے ہیں!

کیا آپ کو اندازہ ہے کہ ہماری زمینوں میں کھیتی باڑی کرنا کس قدر دشوار ہے ؟



# آخر ہمارے کھیت ہمیں مایوس کیوں کرتے ہیں؟

- **کیونکہ ہماری مٹی زرخیز نہیں**
- **ماحولیاتی تبدیلی**
  - دنیا گرم ہوتی جا رہی ہے -
  - بارشوں کی کمی یا غیر موجودگی
  - بڑے طوفان
  - بھوکے کیڑے مکوڑے



# ہماری زمین ہمیں دھوکہ دے دیتی ہے



**کاش ہمارے پاس کھاد ہوتی ، مگر یہ بہت مہنگی ہے ۔**

**ہماری مٹی صرف خاک ہے**

- اس میں تیزابیت ہے
- یہ بنجر ہے
- یہ چکنی مٹی ہے
- اس پر پانی برسے تب بھی بہ جاتا ہے
- یہ مردہ زمین ہے

# موسم ہمارے حق میں نہیں





# پیسہ نہیں ہے ! کوئی ہماری مدد کو تیار نہیں ۔



# کیا ہم اپنی مدد آپ کر سکتے ہیں ؟

بلکل !

ہم بائیو چار کر سکتے ہیں




WARMHEART WORLDWIDE

# میں بائیو چار کے ساتھ کیا کر سکتا ہوں ؟

وارم ہارٹ بائیو چار ٹیم

پاور پائنٹ ۲

وارم ہارٹ سیریز "بائیو چار کا تعارف "

# بائیو چار ایک طاقتور چیز ہے جسے بہت طرح استعمال کیا جا سکتا ہے ۔

- بائیو چار ماحولیاتی تبدیلی کو آہستہ کرنے کے ساتھ کھیتوں کو آگ لگنے کے بائیس پیدا ہونے والے دھویں کے مز ر اثرات میں کمی کا سبب بن سکتی ہے
- بائیو چار مٹی کی خاصیت بہتر کر کے اور پانی کی سطح برقرار رکھ کر فصل کی پیداوار بڑھا سکتی ہے
- جانوروں کے چارہ میں ملانے سے یہ انکی صحت بہتر کرتی ہے ، انہیں زیادہ تند رست اور کارامد بناتی ہے
- بائیو چار پانی کو صاف کر کے آپ کو بیمار یوں سے محفوظ رکھ سکتی ہے

# یاد رکھیے : بائیو چار کوئلہ نہیں ہے

**یہ دکھنے میں کوئلہ لگتا ہے مگر یہ ایسے بہت سارے کام کر سکتا ہے جو کوئلہ نہیں کرتا ۔**

- یہ آب و ہوا کو ٹھنڈا کر سکتا ہے اور دھواں پیدا نہیں کرتا ۔
- اگر آپ اسے کھاد کی طرح استعمال کریں تو یہ مٹی میں پانی کی سطح برقرار رکھ کر کارآمد کیڑوں کو واپس لاتا ہے ، مٹی کے معیار کو بڑھاتا ہے اور کاشت کی پیداوار بڑھا سکتا ہے ۔
- یہ آپ کے جانوروں کو مزید صحت مند ، تند رست اور کارآمد بناتا ہے ۔
- یہ آپکے پانی کو صاف کر سکتا ہے ۔

# یہ NPK (ناٹروجن، فاسفارس، پٹاشیم) نہیں ہے

بائیو چار کھاد نہیں بلکہ مٹی کی تر میم کا ذریعہ ہے:

چناچہ :

- ➢ کھاد فوری طور پر استعمال ہو جاتی ہے جب کہ بائیو چار زیادہ دیر تک مٹی میں موجود رہتا ہے
- ➢ کھاد جلد کام کرتی ہے مگر اس کے اثرات بہت جلد ختم ہو جاتے ہیں ، بائیو چار کے مثبت اثرات تقریباً چار سال تک قائم رہتے ہیں
- ➢ کھاد مہنگی ہوتی ہے اور اکثر ضرورت کے وقت میسر نہیں ہوتی۔ بائیو چار آپ جب چاہیں خود بنا سکتے ہیں

# بائیو چار، ماحول اور دھواں

- جیسا کے آپ جانتے ہیں، بائیو چار بنانا ماحولیاتی آلو گی روکتا ہے
  - بائیو چار بنانا ماحول کو ٹھنڈا رکھنے میں مدد گار ثابت ہوتا ہے ۔
  - بائیو چار بنانے سے آپ کے اپر ہوے ماحولیاتی آلودگی کے اثرات معکوس کیے جا سکتے ہیں
- بائیو چار بنانا دھواں نہیں ہونے دیتا
  - بائیو چار بنانے سے کھیتوں میں جلائے جانے والے فصل کے فضلہ سے پیدا ہونے والے دھوینکو روکا جا سکتا ہے۔
  - اسے بنانے سے اپکی صحت پر اثر انداز ہونے والے دھو یں کے اثرات کو روکا جا سکتا ہے۔

# بائیو چار اور آپ کے کھیت

## آپ کی زمین

- بائیو چار زمین کی تیزابیت کم کرتا ہے
- بائیو چار زمین کو زرخیز بناتا ہے
- بائیو چار کے استعمال سے زمین پانی اچھی طرح جذب کرے گی اور زمین کی نمی برقرار رہے گی
- بائیو چار آپ کی زمین میں روح پھونک کر اسے مزید زرخیز بنائے گا
- بائیو چار آپ کے پودوں کی ان بیماریوں سے حفاظت کرے گا جو کے زمین کی مٹی میں پائی جاتی ہیں

## آپ کی پیداوار

- خراب مٹی کے ساتھ استعمال کرنے سے بائیو چار آپ کی فصل کی پیداوار ۳۰ سے ۱۰۰ فیصد تک بڑھا سکتی ہے
- اگر آپ NPK کھاد استعمال کرتے ہیں تو اسے بائیو چار کے ساتھ استعمال کرنے سے آپ NPK کے استعمال میں ۲۵ سے ۵۰ فیصد تک کمی لا سکتے ہیں
- آپ کے پودوں کو پھپھند اور دیگر بیماریاں لگ سکتی ہیں ، بائیو چار انہیں لگنے سے روکتا ہے

# بائیو چار آپ کے کھیت میں

# بائیو چار اور آپ کے مویشی

## آپ کے جانوروں کے مسائل

- آپ کے پاس چاہے جو بھی جانور ہو ، گائے ، بھینس ، بکری یا مرغی ، وہ بیمار ہو جاتا ہے
- وہ زیادہ دودھ اور انڈے نہیں دیتے
- آپ کے جانوروں کے فضلہ یعنی گوبر اور مینگنی بہت بدبودار ہوتے ہیں اور مکھیوں کو دعوت دیتے ہیں

## بائیو چار آپ کی مدد کو حاضر ہے!

- بائیو چار کو جانوروں کے چارے کا حصہ بنانے سے ان کی ہاضمہ کی بیماریاں کم ہو جائیں گی
- بائیو چار کا استعمال آپ کے جانوروں کو تندرست بنائے گا
- بائیو چار آپ کے جانوروں کے چارے کی بدبو اور مکھیوں کو کم کرے گا
- اس سے آپ کے گھر والوں اور جانوروں میں بیماریاں کم پھیلیں گی

# بائیو چار اور جانور

# بائیو چار اور صاف پانی

## بائیو چار آپ کی مدد کے لئےحاضر ہے!

- بائیو چار نہ صرف بہت سارا پانی جمع کرتا ہے بلکہ اس پانی میں موجود کیمیایٔ معدوں کو جذب کر کے اسے پینے کے قابل بناتا ہے
- بائیو چار کے مرکزی حصّے والا ایک سادہ سینڈ فلٹر پانی سے تمام جراسیم اور کیمیائی آلودگی ختم کر ڈالتا ہے
- ایک بائیو چار فلٹر ہلکے لوہے کے ساتھ یکجا کر کے لگانے سے ارسینک ہٹایا جا سکتا ہے
- مٹی میں بائیو چار کھاد استعمال کرنے سے کیمیائی مادے پینے والے پانی کے ذرائع میں حل نہیں ہوں گے

## مسئلہ کیا ہے ؟

- گندا پانی مسلسل آپ اور آپ کے خاندان کو بیمار کرتا ہے
- عوام کے لئے پانی صاف کرنے والے فلٹر کی سہولیت میسر نہیں ہے
- آپ کے پاس اپنا فیملی فلٹر نہیں ہے

# بائیو چار اور واٹر فلٹریشن

# زبردست ، مگر میں بائیو چار کیسے بناؤں ؟

آپ کی توجہ کے لئے شکریہ ۔

پھر ملتے ہیں -

خاص سوالات کے سلسلے میں ہمیں ای میل کیجیے:

info@warmheartonline.orgیا ہماری ویب سائٹ

www.warmheartworldwide.orgوزٹ کیجئے



# بائیو چار کیسے بنایا جائے ؟

دی وارم ہارٹ بائیو چار ٹیم

دی وارم ہارٹ سیریز "بائیو چار کا تعارف"

پاور پوائنٹ ۳

# چارکول بمقابلہ بائیو چار



**چار کول** : کم کارکردگی
اور دھواں دار

**بائیو چار** : بہتر کارکردگی
، بغیر دھواں



# یاد رکھیے : بائیو چار کوئلہ (چار کول) نہیں ہے

**بائیو چار کوئلے جیسا دکھتا ہے مگر :**

- آپ کو لکڑی کی ضرورت نہیں ہے ۔ کوئی بھی بے جان پودا کام آ سکتا ہے۔ بائیو چار درخت کی ٹہنیون سے لے کر بھوسہ تک ، کسی بھی چیز سے بنایا جا سکتا ہے ۔
- اسے بنانے کے لئے بہت زیادہ وقت درکار نہیں ، بس ایک یا دو گھنٹے ۔
- اسے بناتے وقت یا استعمال کرتے وقت دھواں پیدا نہیں ہوتا ۔
- آپ اسے بنانے کے لئے جو بھی استعمال کریں وہ ۲۵ سے ۳۰ فیصد تک بائیو چار کی شکل میں ڈھل جاتا ہے۔

# بائیو چار بنانے کے تین طریقے

**آپ تین مختلف طرح سے بائیو چار بنا سکتے ہیں ۔ آپ :**

➢خندق بنا سکتے ہیں

➢آپ نالہ بنا سکتے ہیں

➢آپ TLUD (ٹاپ لٹ ، اپ ڈرافٹ اوون) بنا سکتے ہیں خندقنالہ



TLUD ( ٹاپ لٹ ، اپ ڈرافٹ اوون )



خندق



نالہ

# خندق - افریقی طریقہ

**اسے کیسے بجھایا جائے ؟**

➢ اگر آپ چادر کا استعمال کر رہے ہیں تو اسے خندق کے اپر بچھا دیجیے اور آس پاس کی دراڑون کو مٹی سے بھر دیجیے

➢اگر چادر کا استعمال نہیں کر رہے تو بائیو چار کے اپر مٹی ڈال دیجئے

➢ اگر آپ کے پاس پانی ہے تو اس کا استعمال کیجیے

**خندق کے فائدے**

➢بہت کم خرچ

**خندق کی خرابی**

➢مسلسل توجہ

**مجھے کن چیزوں کی ضرورت ہے ؟**

➢ایک کدال یا بیلچہ

➢چھت کی چادر کا ٹکڑا (اختیاری)

**یہ کیسے بنے گا ؟**

➢ اگر آپ چھت کی چادر کا استعمال کر رہے ہیں تو خندق لمبائی اور چوڑائی میں چادر سے کم رکھیے

➢آگ نیچے سے دہکایے

➢فصل کا فضلہ (ٹیہنیان ، بھوسہ وغیرہ) ڈالتے رہیے جب تک خندق بائیو چار سے بھر نہ جائے

# ٹرف کاروائی میں





کھن ٹائی ، وارم ہارٹ فیلڈ مینیجر ، مکئی کے ڈنٹھلون سے ۲۰۰۰ لیٹر کے ٹرف میں بائیو چار بناتے ہوئے

# ٹرینچ

## مجھے کن چیزوں کی ضرورت ہے ؟

- ➢ایک ویلڈر
- ➢اسٹیل کی چادر
- ➢لوہے کا ایک انچ والا زاویہ دار سریہ

## یہ کیسے بنے گا ؟

- ➢حوض خام مال کے قریب رکھیے
- ➢آگ نیچے سے دہکایے
- ➢فصل کا فضلہ (ٹیہنیان ، بھوسہ وغیرہ ) ڈالتے رہیے جب تک حوض بائیو چار سے بھر نہ جائے ۔

## اسے کیسے بجھایا جائے ؟

- ➢اسے گیلے ٹاٹ کے ٹکڑے سے ڈھانپ دیجیے دھیان کیجیے کے اسے آگ نہ لگے
- ➢اس پر پانی ڈال دیجئے
- ➢احتیاط سے زمین پر انڈیل کر مٹی سے ڈھانپ دیجئے

## ٹرینچ کے فائدے

- ➢ زیادہ پیداوار (ایک دن میں ۲۵۰ کلو تک)
- ➢ تیز رفتار

## ٹرینچ کی خرابی

- ➢مہنگا ہے
- ➢ مسلسل توجہ مانگتا ہے

# ٹرف کاروائی میں

کھن ٹائی ، وارم ہارٹ فیلڈ مینیجر ، مکیء کے ڈنٹھلون سے ۲۰۰۰ لیٹر کے ٹرف میں بائیو چار بناتے ہوئے



# TLUD

**مجھے کن چیزوں کی ضرورت ہے ؟**

- ۲۰۰ لیٹر والا تیل کا ڈرم
- ایک شیٹ چھت والی چادر
- ستلی ، تار ، مارکر ، چھینی ، ۳ عدد اینٹیں یا پتھر ، ۲ عدد 1.2 mلوہے کی سلاخیں

**یہ کیسے بنے گا ؟**

- ڈرم کو اینٹوں پر لٹا کر اسے بڑی بڑی ٹہنیون اور بھوسہ وغیرہ سے بھر دیجیے
- آگ اپر کی طرف سے سلگایے
- جب فصل کے یہ فضلہ آگ پکڑ لیں تو لوہے کی سلاخیں آڑی کر کے ڈرم کے دہانے پر بیچ و بیچ رکھ دیں

**اسے کیسے بجھایاجائے ؟**

- اس پر پانی سے بھری بالٹیاں انڈیلیں
- ڈرم کو احتیاط سے زمین پر انڈیل کر مٹی سے ڈھانپ دیجیے


**TLUDکے فائدے**

- اس کے ساتھ کام کرتے ہوئے آپ اسے اکیلا چھوڑ سکتے ہیں
- زیادہ پیداوار (۵ کلو گرام پر بیرل)
- تیز رفتار

**TLUDکی خرابی**

- کچھ اخراجات اور وقت درکار
- فصل کے فضلہ ایک جگہ مرکوز رہنے چاہیں
- چھو ٹی ٹہنیو ں اور شاخو ں کے لئے کارآمد نہیں

# TLUDکارروائی میں



Big operation, five families, five barrels each family

All the barrels in action. No smoke.



بڑا آپریشن، پانچ خاندان، پانچ بیرل ہر ایک

کارروائی میں تمام بیرل۔ کوئی دھواں نہیں۔

# زبردست ، مگر ہم بائیو چار کے ساتھ کیا کر سکتے ہیں ؟

آپ کی توجہ کے لئے شکریہ ۔

پھر ملتے ہیں ۔

خاص سوالات کے سلسلے میں ہمیں ای میل کیجیے:

info@warmheartonline.orgیا ہماری ویب سائٹ

www.warmheartworldwide.orgوزٹ کیجئے

# میں حقیقت میں بائیو چار کیسے استعمال کروں ؟

دی وارم ہارٹ ٹیم

وارم ہارٹ سیریز

"بائیو چار کا تعارف" پاور پوانٹ ۴

# بائیو چار بنانا اور استعمال کرنا ، دونوں آسان

ہمارا مقصد یہ ہے کہ آپ خود بائیو چار بنانا اور استعمال کرنا سیکھیں تاکہ آپ کا معیار زندگی بہتر ہو سکے ۔

اس کلاس میں ہم آپکو مندرجہ ذیل بنانا سکھائیں گے :

- بائیو چار کھاد
- بائیو چار انفیوذڈ جانوروں کا چارہ
- بائیو چار واٹر فلٹر

بائیو چار کھاد ، چارہ اور فلٹر بنانے میں آپ کا کچھ خرچ نہیں آ ے گا اور آپ یہ اپنے پاس پہلے سے موجود چیزوں سے بنا سکیں گے ۔

# بائیو چار کھاد بنانا

- تکنیکی لحاظ سے بائیو چار کھاد نہیں بلکہ مٹی کی ترمیم کرنا ہے۔
- ہم اسے کھاد اس لئے بلاتے ہیں کیونکہ ہم جس طرح اسے بناتے ہیں ، یہ بلکل کھاد کی طرح کام کرتی ہے ، صرف اس سے بہتر ۔

**بائیو چار کھاد بنانے کے لئے :**

- اگر آپ گانٹھ دار چار استعمال کر رہے ہیں جیسے کے بھٹہ ، تو اسے مکی کے دانوں کے سائز کا کر لیجیے
- بائیو چار اور منیور (مثلاً گوبر) آدھ و آدھ یعنی ۵۰ : ۵۰ مکس کر لیں
- اگر آپ اصل جنگل کے قریب ہیں تو کچھ مٹھیاں زرخیز مٹی اور پتے وغیرہ اس مکس میں شامل کر لیں
- چھوٹے لڑکوں سے کہیے کہ اس ڈھیر پر پیشاب کریں اور پھر اسے خوب ملایے یہاں تک کہ پیشاب زمین پر بہ نکلے
- اسے ایک دن کے لئے چھوڑ دیجیے اور پھر استعمال کیجئے

# کمپوسٹ (سڑی ہوئی سبزیوں کی کھاد) کے متعلق ایک نوٹ

➢ کمپوسٹ ایک بہترین چیز ہے۔ اگر آپ اسے بنا رہے ہیں تو چھوڑیے نہیں۔

- **مگر اب سے اس میں بائیو چار شامل کرنا شروع کیجیے**

➢ جب آپ کمپوسٹ بناتے ہیں تو اس کا ڈھیر بہت ساری GHGs خارج کرتا ہے۔

- **بائیو چار شامل کرنے سے ایسا نہیں ہو گا۔**

➢ کمپوسٹ بناتے ہوئے بہت ساری غذایت اس ڈھیر میں سے نچڑ جاتی ہے۔

- **بائیو چار اس غذایت کو برقرار رکھے گا۔**

➢ اگر آپ کمپوسٹ بناتے ہیں تو کھاد بناتے وقت اس کی جگہ منیور (گوبر وغیرہ) استعمال کر سکتے ہیں یا پھر اپنے پودوں میں صرف کمپوسٹ ڈال کر انہیں بہتر کر سکتے ہیں۔

- **مگر آپ جو بھی کریں، جب کمپوسٹ بنائیں تو اس میں بائیو چار ضرور شامل کریں۔**

# بائیو چار کھاد کا استعمال

- آپ بائیو چار کھاد ویسے استعمال نہیں کرتے جیسا کے کیمیکل والی کھاد
  - کیمیکل بہت مہنگے ہوتے ہیں اور آپ اسے صرف تھوڑا سا ہی مٹی پر ڈالتے ہیں
  - بائیو چار مفت ہے ۔ آپ اسے فراخی سے زمین کے اپر ، بیجوں ساتھ اور پودوں کے ارد گرد ڈال سکتے ہیں ۔

**اگر آپ ٹہنی کی مدد سے ہاتھ سے پودے لگا رہے ہیں تو :**

- ٹہنی سے سراخ کیجئے ، ایک مٹھی بائیو چار کھاد نیچے ڈالیے ، کچھ مٹی ڈالیے ، دو بیج ڈالیے ، اس کے اپر باقی کی مٹی ڈالیے اور پھر ہاتھ سے دبا دیجئے ۔

- **اگر آپ ابھری ہوئی قطاروں میں پودے لگا رہے ہیں تو :**
  - ایک ابھری ہوئی قطار بنایے ، اس کے اپر ایک اتھلی سی خندق بنایے ، اسے بائیو چار کھاد سے بھریے ، اس پر کچھ مٹی ڈالیے ، بیج یا پودے بویے ، باقی کی مٹی ڈالیے اور پھر اسے دبایے ۔

- **اگر آپ "فرٹیلیٹی پاکٹس"(ذرخیز کھیتی ) میں پودے لگا رہے ہیں تو :**
  - کدال یا کھرپی کی مدد سے اس کے پھل جتنا چوڑا اور گہرا سراخ کیجیے ۔ آدھا سراخ بائیو چار کھاد سے بھریے ، کچھ مٹی ڈالیے ، باقی کی مٹی میں کچھ اور کھاد ملا کر بیجوں کو ڈھک دیجیے اور پھر اسے دبایے ۔

# چیزوں کا استعمال







# بائیوچارجانوروں چارہ

- بائیو چار جانوروں کے چارے میں ملانے سے آپ کے جانور زیادہ تندرست ہوں گے ، ان کا وزن اور پیدا واری صلاحیت بڑھے گی ۔
- **بائیو چار چارہ ملانا**

• مرغیوں کے لئے ریت کے بڑے ذروں کے سائز کا بائیو چار استعمال کیجیے ، دوسرے جانوروں (گائے ، بکرے وغیرہ)کے لئے سائز کا کوئی خاص مسلہ نہیں ۔ (بہت زیادہ بائیو چار ملانے سے مرغی دانہ کالا ہو جاتا ہے اور مرغیاں اسے نہیں کھاتیں)

• اپنے جانوروں کی روزانہ کی خوراک میں ۵ سے ۲۵ فیصد تک بائیو چار ملایے ۔

• خوب اچھی طرح ملا کر کھلایے ۔

• گائے بھینسوں کو نمکین اور میٹھا بہت پسند ہوتا ہے ۔ اگر ہو سکے تو اس میں آئیوڈائیزڈ نمک اور گڑ ملا لیجیے ۔

- بائیو چار باقی خوراک کا متبادل نہیں ہے ، یہ ایک خوراک زمیمہ (اضافی خوراک ) ہے ۔

# بائیو چار اور خوش حال جانور








# واٹر (پانی کا ) فلٹر

آپ کتنے لوگوں کے لیے پانی فلٹر (صاف ) کر رہے ہیں: صرف ایک آدمی ، ایک خاندان ، ایک اسکول ، پورا علاقہ ؟

➢ ہر سائز کا فلٹر ایک ہی طرح کے اصولوں پر کام کرتا ہے۔


- آپ حیاتیاتی آلودگی مٹانے کے لئے بڑی بجری ، چھوٹی بجری اور ریت کی تہیں بچھایں گے ۔
- ریت کی اوپری تہ پر بیکٹیریا کی ایک تہ آ جائے گی جو خراب کیڑوں کو کھا جائے گی ۔
- یہ "فرش" بہت اہم ہے ۔ اسے آپ ہر دو مہینے بعد ہلایں گے اور ہلانے کے بعد پورے دو دن تک فلٹر کا استعمال نہیں کریں گے۔
- ان سب کے نیچے آپ بائیو چار کی ایک بڑی تہ لگائیں گے جو کیمیکل آلودگی صاف کرے گی۔
- اب آپ پھر سے بجری اور ریت کی تہیں لگائیں گے۔

# ایک آدمی کے لئے واٹر فلٹر (اسے اپنے ساتھ کھیت میں لے جائیے)



# ایک خاندان کے لئے واٹر فلٹر

- شروعات دو ۲۰ لیٹر پلاسٹک ٹبوں کے ساتھ کیجیئے ۔ ایک ٹب کے تلے میں چھید کر لیجیئے اور دوسرے میں پانی کے نکلنے کا رستہ بنا لیجئے ۔
- نچلا ٹب : ٹب کے تلے پر باریک ریت کی تقریباً ۱۰ سینٹی میٹر گہری تہ بچھایے ، اب بائیو چار کی تقریباً ۳۰ سینٹی میٹر گہری تہ لگایے اور آخر میں ٹب پر باریک ریت کی دوسری تہ بچھایے ۔ ٹب کا باقی حصہ پانی کے لئے خالی چھوڑ دیجئے ۔
- اوپری ٹب : وہی عمل دہرایے ، اس بار نچلی تہ موٹی ریت کی لگایے ، پھر بائیو چار اور سب سے اپر باریک ریت کی تہ بچھایے ۔



# ایک اسکول کے لئے واٹر فلٹر


اسکول کے لئے واٹر فلٹر بنانے کے لئے آپ کو ذرا بڑے پیمانے پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ بہترین طریقہ وہ ہے جسے ہم نے ایکوا سولیوشنز کا ڈیزائن استعمال کرتے ہوئے وارم ہارٹ پر بنایا ۔

اس طریقہ کار میں ۲۰۰ لیٹر کے چار پلاسٹک ڈرم استعمال کیے جاتے ہیں۔ ( نیلے رنگ کے ڈرم۔ استعمال کرتے ہوئے بہت احتیاط سے کام لیجئے کیوں کہ یہ اکثر کیڑے مار ادوایات اور دیگر خطرناک کیمیکلز کی نقل و حمل کے لئے استعمال کیے جاتے ہیں ۔ انہیں نہایت ہی اچھے طریقے سے دھو لیجئے اور دھلائی کا پانی یقینی طور پر بائیو چار کے ایک ڈھیر پر انڈیل دیجئے )





# پورے دیہات کے لئے واٹر فلٹر




یہ فلٹر ایک دن میں دو ہزار لیٹر پانی فراہم کرے گا۔ اس کے لئے چار سیمنٹ سیپٹیک ٹینک رنگز کے ڈھیروں کی ضرورت ہو گی۔ ہر ڈھیر انچایئ میں ڈیڈھ سے دو میڑ کا ہو گا۔ ہر سال تمام بائیو چار ، بجری اور ریت کو بدلنا ہو گا۔

# واٹر فلٹرز کے کچھ بنیادی اصول

- یہ ضروری ہے کے ریت کے اپر جمنے والے " فرش " کو ہر دو مہینے بعد ہلایا جائے ۔
- فلٹر اس وقت تک نہ استعمال کیجیے جب تک یہ "فرش" دوبارہ نہیں جم جاتا (دو دن تک )
- اس کے علاوہ اس فرش کو پریشان نہ کیجیے (جیسا کے گندا پانی آرام سے انڈیلئیے تا کہ یہ "فرش" کو پھاڑ نہ دے ۔ )
- بہت سارا کچلا ہوا بائیو چار استعمال کیجئے ۔ آپ کو بڑے ٹکڑوں کی ضرورت **'نہیں'** ہے ۔
- تمام چیزیں (ریت ، بجری ، بائیو چار ) سال میں کم از کم ایک بار ضرور بدلیں ۔ بدلنے کے بعد اس وقت تک انتظار کیجئے جب تک نیا "فرش" نہیں بن جاتا۔

# سوالات کی صورت میں ہم سے ضرور رابطہ کیجئے

آپ کی توجہ کے لئے شکریہ ۔

پھر ملتے ہیں ۔

سوالات کے سلسلے میں ہمیں ای میل کیجیے:

info@warmheartonline.orgیا ہماری ویب سائٹ

www.warmheartworldwide.orgوزٹ کیجئے